**23.12.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......ماجد علی

-------------------------------

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئے بھرتی کئے گئے 71 ہزار سے زیادہ افراد کو تقرر نامے سونپے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ڈیڑھ برس میں ملک کے نوجوانوں کو تقریباً دس لاکھ سرکاری نوکریاں فراہم کی گئی ہیں۔

☆ آج پیلی بھیت ضلعے میں اترپردیش اور پنجاب پولیس کی مشترکہ ٹیم کی قیادت میں ایک تصادم میں خالصتانی حامی تین دہشت گرد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ آج ملک بھر میں کسانوں کا دن منایا جارہا ہے جس کا مقصد ملک کی تعمیر و ترقی میں اُن کے تعاون کو تسلیم کرنا ہے۔

☆ امریکہ کے منتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارت نژاد امریکی کاروباری شری رام کرشنن کو AI سے متعلق وہائٹ ہاؤس کا سینئر پالیسی ایڈوائزر مقرر کیا ہے ۔

☆ اور ملک کے شمالی حصے میں مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے پیش نظر شدید سردی جاری ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM-ROZGAR MELA**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ پچھلے ڈیڑھ سال میں ملک کے نوجوانوں کو تقریباً 10 لاکھ سرکاری نوکریاں فراہم کی گئی ہیں۔ جناب مودی نے ویڈیوکانفرنسنگ کے ذریعہ نئے بھرتے کئے گئے افراد کو 71 ہزار سے زیادہ

تقرر نامے تقسیم کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ **10** سال سے ملک کی مختلف وزارتوں، محکموں اور اداروں میں ملازمتیں فراہم کرنے کیلئے ایک مہم چلائی جارہی ہے۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ روزگار میلے نوجوانوں کو باختیار بنارہے ہیں اور اُن کی صلاحیتوں کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔

**SB- Final PM On 71000 Employment**

وزیراعظم مودی نے اس بات کو اجاگر کیا کہ حکومت نے میک اِن انڈیا، آتم نر بھر بھارت ابھیان، اِسٹارٹ اَپ اِنڈیا، اسٹینڈ اَپ انڈیا، ڈیجیٹل انڈیا جیسی کئی اسکیموں کی شروعات کی ہے اور ہر اسکیم میں نوجوانوں پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

**SB- PM Start Up**

روزگار میلے کا انعقاد ملک کے **45** مقامات پر کیا گیا۔ بہار میں روزگار میلے کا انعقاد پٹنہ اور مظفرپور میں کیا گیا جس میں **821** امیدواروں کو تقرر نامے سونپے گئے۔مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ عرف للن سنگھ نے کہا ہے کہ پٹنہ میں مختلف مقامات پر روزگار میلے کے انعقاد سے وزیر اعظم نریندر مودی کے **NDA** کے دورحکومت میں **10** لاکھ مرکزی حکومت کی نوکریاں فراہم کرنے کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔

پنجاب میں جالندھر میں سرحدی حفاظتی فورس **BSF** کے فرنٹیئر ہیڈ کوارٹرس میں روزگار میلے کا انعقاد کیا گیا۔ **BSF** کے انسپکٹر جنرل ڈاکٹر **Atul Fulzale** اور **BSF** کے ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل **Satish Khandare** نے مختلف پروگراموں میں نئے بھرتی کئے گئے تقریباً **500** افراد کو تقرر نامے سونپے۔

روزگار میلے کا آغاز اکتوبر **2022** میں کیا گیا تھا اور اب تک **50** شہروں میں قومی سطح پر اِس طرح کے **13** میلے منعقد کیے جا چکے ہیں۔×

**PM Charan Singh**

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سابق وزیر اعظم چودھری چرن سنگھ کو اُن کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ نائب صدر آج صبح نئی دلی میں کسان گھاٹ گئے۔میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئندہ برس کسان دِوس کے **25** سال مکمل ہوجائیں گے اور ہر کسی کو اِس بات کا عہد کرنا چاہئے اور سال بھر پروگراموں کا انعقاد کرنا چاہئے تاکہ کسانوں کے مفادات کو اولین ترجیح دی جاسکے۔ **RLD** کے سربراہ اور چودھری چرن سنگھ کے پوتے جینت چودھری بھی اِس موقعے پر موجود تھے۔

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ چودھری چرن سنگھ غریبوں اور کسانوں کے ایک سچے

خیر خواہ تھے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کے تئیں خدمت اور خود کو وقف کردینے کا اُن کا جذبہ ہر کسی کو تحریک دیتا رہے گا۔

## Philibhiet Encounter

آج پیلی بھیت ضلع میں، اترپردیش اور پنجاب پولیس کی ایک مشترکہ ٹیم نے ایک مڈبھیڑ میں، تین خالصتان نواز دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔

ایسا مانا جا رہا ہے کہ یہ دہشت گرد 19 دسمبر کو پنجاب کے گرداس پور ضلع میں ایک پولیس چوکی پر ہوئے گرینیڈ حملے میں ملوث تھے۔ پولیس نے بتایا ہے کہ اُسے خطے میں کچھ خالصتان نواز دہشت گردوں کے مشتبہ نقل و حمل کے بارے میں جانکاری حاصل ہوئی تھی۔ پولیس ٹیم نے انھیں پکڑنے کی کوشش کی لیکن انھوں نے پولیس والوں پر گولی چلانا شروع کردیا، پھر ایک مڈبھیڑ شروع ہوگئی۔ یہ مڈبھیڑ اُس جگہ ہوئی جو علاقہ **Puranpur** پولیس اسٹیشن کے تحت آتا ہے۔ فائرنگ میں دہشت گرد شدید طور پر زخمی ہوگئے اور انھیں علاج کیلئے **CHC Puranpur** اسپتال بھیجا گیا لیکن انھیں مردہ قرار دے دیا گیا۔

ملزمین کی شناخت گرویندر سنگھ، ویریندر سنگھ اور **Jasanpreet Singh** کے طور پر کی گئی ہے، جن کا تعلق ممنوعہ تنظیم خالصتان کمانڈو فورس سے تھا۔ مڈبھیڑ کی جگہ سے **2** اے-کے رائفلیں اور دو **Glock** پسٹلس برآمد ہوئی ہیں۔

پنجاب پولیس کے چیف گور یادو نے اپنے سوشل میڈیا ہینڈل پر بتای کہ یہ دہشت گرد گروپ پنجاب کے سرحدی علاقوں میں پولیس کی عمارتوں پر گرینیڈ حملوں میں ملوث ہے۔

**Byte: Gaurav Yadav**

## FARMERS DAY

آج ملک بھر میں کسانوں کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن، ملک کی ترقی اور فروغ میں، کسانوں کے تعاون کے اعزاز میں منایا جاتا ہے۔ یہ دن سب کے لیے خوراک کی یقینی فراہمی، دیہی معیشتوں کے استحکام اور ملک کی زرعی وراثت کے تحفظ میں کسانوں کے اہم رول کی یاد دلاتا ہے۔

کسانوں کے، اِس اہم رول کا اعتراف کرتے ہوئے حکومت نے، اُن کی سماجی و اقتصادی ترقی میں مدد دینے اور لگاتار زرعی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے بہت سے اقدام کیے ہیں۔ اِن اقدام میں، پردھان منتری کسان سمّان نِدھی، پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا اور پردھان منتری کسان مان دھن یوجنا شامل ہے۔**x**

**BJP AAPChargesheet**

آج BJP نے قومی راجدھانی میں اسمبلی انتخابات سے قبل دلی حکومت کے خلاف چارج شیٹ جاری کی۔ پارٹی کے سینئر رہنما انوراگ سنگھ ٹھاکر، دلی BJP کے سربراہ ویریندر سچدیوا اور دیگر رہنماؤں نے عام آدمی پارٹی حکومت کی حکمرانی میں بے ضابطگیوں اور عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا نہ کرنے کے الزامات سے متعلق دستاویز جاری کیا۔ جناب ٹھاکر نے الزام لگایا کہ عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کیجریوال نے جھوٹے وعدے کئے اور دلی کے لوگوں کو گمراہ کیا۔ انہوں نے دریائے جمنا کی آلودگی، دلی میں فضائی آلودگی ، بدعنوانی اور دیگر معاملات کا ذکر کرتے ہوئے جناب کیجریوال پر تنقید کی۔ BJP رہنما نے دلی میں مرکزی حکومت کی جل جیون مشن اور آیوشمان بھارت اسکیموں کو نافذ نہ کرنے کیلئے بھی عام آدمی پارٹی پر نکتہ چینی کی۔

جناب ٹھاکر نے جناب کیجریوال پر پوروانچل کے لوگوں کی توہین کرنے کا بھی الزام لگایا۔ انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ عام آدمی پارٹی بدعنوانی کے بغیر حکمرانی کے نام پر اقتدار میں آئی تھی لیکن شہر میں سلسلے وار طریقے سے بے ضابطگیاں کی گئیں اور عام آدمی پارٹی کے مختلف رہنما بدعنوانی کے الزامات میں جیل گئے۔

**SB- Anurag Thakur**

جناب ٹھاکر نے زور دے کر کہا کہ دلی کے عوام آئندہ اسمبلی انتخابات میں عام آدمی پارٹی کو شکست دیں گے۔

اِس دوران جناب کیجریوال نے بی جے پی کے الزامات کو یہ کہتے ہوئے مسترد کیا ہے کہ پارٹی کے پاس اب اٹھانے کیلئے کوئی معاملہ نہیں رہ گیا ہے۔

جناب کیجریوال اور دلی کی وزیر اعلیٰ آتشی نے آج نئی دلی کے ایسٹ قدوائی نگر سے مکھیہ منتری مہیلا سمان یوجنا کیلئے اندراج کے عمل کا آغاز کیا۔ اِس اسکیم کے تحت قومی راجدھانی میں اہل خواتین کو ہر مہینے ایک ہزار روپے ملیں گے۔x

**Trump AI Advisor**

امریکہ میں منتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارت نژاد امریکی کاروباری سری رام کرشنن کو آرٹیفیشیل انٹیلی جنس سے متعلق وہائٹ ہاؤس کا سینئر پالیسی ایڈوائزر مقرر کیا ہے۔ اِس اعلان کے بعد جناب کرشنن نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر تشکر کا اظہار کیا ہے۔ چنئی میں پیدا ہوئے کرشنن اپنا گریجویشن مکمل کرنے کے بعد امریکہ چلے گئے تھے۔ انہوں نے اپنے کریئر کا آغاز مائکرو سافٹ سے کیا تھا۔ x

## Delhi Pollution

قومی راجدھانی دلّی میں ہوا کا معیار شدید خراب کے زُمرے میں بنا ہوا ہے اور آج صبح 7 بجے AQI چارسوتین ریکارڈ کیا گیا ہے۔ بوانا اور وزیرپور جیسے علاقوں میں یہ 460 کی سطح کو پار کرگیا۔ IMD نے پیشگوئی کی ہے کہ دلّی اورمتصل قومی راجدھانی خطے میں اگلے دو دن تک صبح کے وقت گھنا کُہرا اور دھند چھائے رہنے کے امکانات ہیں۔×

## Overall Cold Wave

ملک کا شمالی حصہ شدید سردی کی گرفت میں ہے اور جموں کشمیر، ہماچل پردیش، پنجاب اور مدھیہ پردیش جیسی ریاستوں میں درجۂ حرارت کافی کم چل رہا ہے اور تیز بارش ہورہی ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے IMD نے مغربی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے سبب اِن ریاستوں کے مختلف اضلاع کے لئے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ ہمالیائی خطے جموں وکشمیر اور ہماچل پردیش میں برف کی سفید چادر بچھ گئی ہے اورجھیلیں منجمد ہوگئی ہیں۔ سری نگر میں رات کا درجۂ حرارت منفی 4 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ میدانی علاقوں میں بھی درجۂ حرارت میں کافی کمی آئی ہے۔ چنڈی گڑھ میں درجۂ حرارت صفر اعشاریہ آٹھ ڈگری جبکہ پنجاب کے آدمپور میں ایک اعشاریہ آٹھ ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اِس دوران دلی اور اُس سے متصل علاقوں میں ہلکی بارش اور کہرے کے سبب سردی میں اضافہ ہوا ہے۔ امرتسر اور لدھیانہ جیسے علاقوں میں گہرا کہرا چھائے رہنے کے سبب صرف سو میٹر تک دیکھ پانا ممکن ہورہا تھا۔ x

## Niti Aayog Review Meeting

نیتی آیوگ کے CEO، بی. وی. آر. سبرامنیم نے کہا ہے کہ بھارت کو ایک ایسی مثال بننے کی ضرورت ہے، جہاں انتظامی امور کے فیصلے، ڈیٹا اور پختہ جائزوں کی بنیاد پر کئے جاتے ہیں۔ آج نئی دلّی میں مرکزی وزارتوں اور محکموں میں اعداد وشمار کے مشیروں کی جائزہ میٹنگ کے دوسرے دور کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ڈیٹا، حکومت کے ہر حصے کیلئے بہت اہم ہے اور ڈیٹا سے حاصل ہونے والے تجزیوں کی بنیاد پر فیصلے کئے جانے چاہئے۔ انہوں نے اعداد وشمار میں میتھڈولوجی اور نئے طریقوں کے ساتھ ہم آہنگ ہونے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔×

## BJP-MP Hospital

**BJP** کے ممبران پارلیمنٹ پرتاپ سارنگی اور مکیش راجپوت، جو پارلیمنٹ کے احاطے میں احتجاج کے دوران زخمی ہوگئے تھے، کو آج دلّی کے **RML** اسپتال سے چھٹی دے دی گئی۔ پچھلے ہفتے دونوں ممبران پارلیمنٹ کو سر پر چوٹ لگنے کی وجہ سے اسپتال میں داخل کرایا گیا تھا۔ اس سے قبل جناب سارنگی نے الزام لگایا کہ لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی نے ایک **MP** کو دھکا دیا تھا، جو اُن پر آ گرے اور وہ زخمی ہوگئے۔×

## MP-Global Destinations

وال اسٹریٹ جنرل نے، مدھیہ پردیش کو **2025** کے لیے، عالمی سیاحت کے **"Go - To"** مقات کی فہرست میں شامل کیا ہے۔ اِس سے ریاست کی مالامال وراثت، بے مثال جنگلاتی زندگی اور غیر معمولی فطری خوبصورتی کا اظہار ہوتا ہے۔

وال اسٹریٹ جنرل کی اس فہرست میں مشہور یونیسکو عالمی ورثے کی جگہ کھجوراہو، **Panna** اور **Bandhavgarh** خصوصی طور سے شامل ہیں۔

سیاحت اور ثقافت کے محکمے کے پرنسپل سکریٹری اور مدھیہ پردیش سیاحتی بورڈ کے مینیجنگ ڈائریکٹر **Sheo** شیکھر شکلا نے یہ کہتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا کہ عالمی سطح پر یہ اعتراف کیے جانے سے، مدھیہ پردیش کی، عالمی درجے کے سیاحتی مقام کے طور پر، توثیق ہوتی ہے۔

جناب شکلا، جو مدھیہ پردیش ٹورزم بورڈ کے مینجنگ ڈائریکٹر بھی ہیں، نے بتایا کہ ہماری اِس ریاست میں یونیسکو کے عالمی وراثتی مقامات ہیں، شیروں کی پناہ گاہیں ہیں اور متحرک ثقافتی گوناگونیت ہے، جس سے یہاں کی سیر کرنے والے ہر شخص کو ایک منفرد انداز کا تجربہ ہوتا ہے۔×

☆☆☆☆☆